11 دسمبر 2019

ڈی ایس ٹی کے زیر اہتمام فیکلٹی ڈیولپمنٹ پروگرام کا اختتام

حیدرآباد، 11 دسمبر (پریس نوٹ) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی ، شعبۂ کمپیوٹر سائنس اینڈ انفارمیشن ٹکنالوجی ، کے زیر اہتمام یونیورسٹی کے اساتذہ کے لیے مختصر مدتی تربیتی فیکلٹی ڈیولپمنٹ پروگرام(ایف ڈی پی) ”سینسر نیٹ ورکس ، انٹرنیٹ آف تھنگس اینڈ انٹرنیٹ آف ایوری تھنگ“ کا 8 دسمبر 2019ءکو اختتام عمل میں آیا۔ محکمہ سائنس و ٹکنالوجی (ڈی ایس ٹی)، حکومت ہند اس پروگرام کے اسپانسر تھے۔
پروفیسر ایس ایم رحمت اللہ، رجسٹرار انچارج اور پروفیسر عبدالواحد، ڈین اسکول آف ٹکنالوجی، ڈاکٹر پردیپ کمار، صدر شعبۂ کمپیوٹر سائنس و آئی ٹی، ڈاکٹر ایم اے سکندر، اسوسی ایٹ پروفیسر، بزنس مینجمنٹ نے اختتامی جلسہ میں شرکت کی۔ محترمہ تنگا اروندھتی، اسسٹنٹ پروفیسر نے پروگرام کی شریک کوآرڈینیٹر تھیں۔
جناب جمیل احمد، اسسٹنٹ پروفیسر اور کوآرڈینیٹر (ایف ڈی پی) کے بموجب 25 نومبر کو پروگرام کا افتتاحی اجلاس منعقد ہوا تھا جس کی صدارت پروفیسر ایوب خان، پرو وائس چانسلر نے کی۔ پروفیسر سلیم بیگ، علی گڑھ مسلم یونیورسٹی نے کلیدی خطبہ دیاتھا۔